تاریخ:02-04-2018

عزت مآب سیکریٹری،

الیکشن کمیشن آف پاکستان،

اسلام آباد۔

عنوان: درخواست برائے درستگی حلقہ بندیPS-128ڈسٹرکٹ سینٹرل کراچی۔

جناب اعلیٰ،

میں درخواست گزار سکندر علی بیگک ولد علی حسن بیگک شناختی کارڈ نمبر:42101-7585422-1 پتہ مکان نمبر: حاجی مرید گوٹھ، K-382، فردوس کالونی گلبہار، کراچی ووٹر نمبر سلسلہ نمبر 02 گھرانہ نمبر 01 گزارش کرتا ہوں کہ موجودہ حلقہ بندی برائے PS128 درست نہیں ہے برائے مہربانی میری دی گئی تجاویز پر غور کیا جائے جو کہ تمام ضلع کے نقشوں اور تفصیلات کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے۔

1۔ PS128 کی جو حلقہ بندیاں کی گئی ہیں جو کہ الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔

2۔ PS128 میں بسنے والی سندھی اور بلوچی زبان بولنے والی قوموں کو دو حلقوں (PS128،PS127) میں تقسیم کیا گیا ہے۔

3۔ PS128 میں بسنے والی سندھی اور بلوچی آبادی Charge 8 ناظم آباد سب ڈویژن کو بدنیتی اور بددیانتی کرتے ہوئے لیاقت آباد سب ڈویژن میں ڈال دیا گیا ہے جو کہ الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔

4۔ الیکشن کمیشن سے گزارش کی جاتی ہے کہ صدیوں سے آباد سندھی اور بلوچی آبادی کو دو حلقوں میں تقسیم نہ کیا جائے۔

5۔ بلوچ/سندھی ووٹر کو دو حلقوں میں تقسیم کرنے سے ہمارا سماجی، معاشی اور تجارتی طور پر نقصان ہونے کا اندیشہ ہے اس تقسیم میں کچھ نادیدہ قوتوں کی کارفرمائی عیاں ہوتی ہے۔

6۔ جو حلقہ بندی میں نے تجویز کی ہے اس پر آئینی اور منصفانہ طور پر غور کیا جائے اور اس پر عمل کیا جائے یہ مجوزہ

8/05/018 2

حلقہ بندی ECP کے تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے تجویز کی گئی ہے۔

7۔ حاجی مرید گوٹھ جو کہ ناظم آباد سب ڈویژن میں واقع ہے اور جو کہ میرے آباؤاجداد کے نام پر ہے ہم اس کی تقسیم کو غیر منصفانہ، غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدام سمجھتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ECP ہماری تجویز کردہ حلقہ بندی پر آئینی اور قانونی طور پر عمل پیرا ہوگی۔

عین نوازش ہوگی۔

درخواست گزار

Sikander

سکندر علی بیگ

0311-2222822